SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

July 5, 2018

For immediate release

نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں اٹھائیس فیصد اضافہ

اسلام آباد(جولائی 5)سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان میں جون کے مہینے میں سات سو تہتر نئی کمپنیاں رجسٹر کی گئیں۔ یہ تعداد گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں اٹھائیس فیصد زیادہ ہے۔ ایس ای سی پی میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی کل تعداد ستاسی ہزار چھ سو بائیس ہو گئی ہے۔ کمپنیوں کی رجسٹریشن کو آسان بنانے کے لئے کی گئی اصلاحات اور رجسٹریشن کی فیسوں میں نمایاں کمی سے رجسٹریشن کے رجحان میں اضافہ ہوا ہے۔

رجسٹریشن حاصل کرنے والی ستتر فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ ہیں جبکہ اکیس فیصد سنگل ممبر اور دو فیصد کمپنیوں نے بطور پبلک لسٹڈ، غیر منافع بخش اور ٹریڈ آرگنائزیشنز، لمیٹڈ لائبلٹی اور غیر ملکی کمپنیوں کے طور پر رجسٹریشن حاصل کی۔

اس ماہ سب سے زیادہ رجسٹریشن خدمات کے شعبے میں ہوئی جہاں رجسٹریشن حاصل کرنے والی کمپنیوں کی تعداد ایک سو تیرہ رہی۔ ٹریڈنگ کے شعبے میں ایک سو چار کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، انفرمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں چورانوے، تعمیرات میں بیاسی کمپنیاں، سیاحت میں سینتیس، خوراک و مشروبات میں اٹھائیس، رئیل اسٹیٹ میں ستائیس، انجنیئرنگ میں بائیس، براڈکاسٹنگ اینڈ ٹیلی کاسٹنگ، تعلیم اور ایڈورٹائزنگ اور مارکیٹنگ، ہر ایک شعبے میں انیس کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ کارپوریٹ ایگریکلچرل میں سترہ، ٹرانسپورٹ، آٹو اینڈ الائیڈ اور ٹیکسٹائل، ہر ایک شعبے میں سولہ کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ دواسازی میں پندرہ کمپنیاں، کمیونیکیشن میں بارہ صحت میں گیارہ جبکہ پچانوے کمپنیوں نے دیگر شعبوں میں رجسٹریشن حاصل کی۔ اس دوران دو غیر ملکی کمپنیاں کراچی میں رجسٹر ہوئیں۔

اس دوران انتالیس مقامی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ یہ سرمایہ کاری آسٹریلیا، کینیڈا، چین، اردن، سعودیہ عرب، پرتگال، جاپان، سنگاپور، برطانیہ، اور امریکہ کے سرمایہ کاروں کی جانب سے ہوئی۔ جون میں سب سے زیادہ کمپنیاں لاہور میں رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد دو سو اکسٹھ ہے جبکہ اسلام آباد میں دو سو پچپن اور کراچی میں ایک سو ترپن کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ پشاور، ملتان، گلگت بلتستان، فیصل آباد، کوئٹہ اور سکھر میں بالترتیب دس، بارہ، سترہ، ستائیس، تیس اور آٹھ کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005